خطوط بنام ادارہ

ترتیب: مولانا ابرار اللہ شاہ

محترم " مدیر مسئول صاحب " زید مجدہ !!!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' ،،،

مزاج گرامی بندہ کے سامنے " المباحث الاسلامیہ" کا سہ ماہی رسالہ پڑا ہے۔ مطالعہ کر کے انتہائی خوشی ہوئی لیکن اس بات کا افسوس ہے کہ ابھی تک اس اہم رسالے کے بارے میں کچھ خبر نہ تھی اگرچہ بنوں فقہی کانفرنس کے بارے میں بارہا سُنا تھا۔ اب بندہ اس کوتاہی کے ازالہ کے لیے تمام گذشتہ رسالے منگوانا چاہتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سالانہ رقم بھی روانہ کرتا ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ میرے پتہ فی الفوران مہینوں کا رسالہ جاری فرما کر رقم کا انتظار نہ فرمائیں رقم میں روانہ کر رہا ہوں چند دنوں میں۔

نیز میرے رسالے میں ایک پرچی لکھ کر رکھ دیں جس میں یہ وضاحت ہو کہ گذشتہ رسالے مجھے کس قیمت میں مل سکتے ہیں، ان کو خریدا جائے یا وہ کتاب جو عنقریب پانچ جلدوں میں چھپنے والی ہے جو اپنی مقالات ورسائل پر مشتمل ہے۔ اللہ آپ سب کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔

والسلام !!!

طلب دُعا " فرمان الٰہی "

خطیب جامع مسجد کالج کالونی سیدو شریف سوات

محترمی ومکرمی " جناب مدیر مسئول صاحب "

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' ،،،

آپ کا سہ ماہی رسالہ " المباحث الاسلامیہ " نظر سے گزرا۔ ماشاء اللہ بہت معیاری ہے۔

ہم اپنے "ایم۔اے اسلامیات کے طلباء وطالبات کی رہنمائی کے لیے مجلہ مذکورہ کو مستقل بنیادوں پر جاری کروانا چاہتے ہیں۔

لہٰذا گزارش ہے کہ جنوری 2006ء کے شمارہ سے سالانہ بنیاد پر بذریعہ وی۔ پی بنام پرنسپل گورنمنٹ اسلامیہ کالج چنیوٹ رسالہ ارسال فرمادیا جائے۔ شکریہ !!!

" پرنسپل " گورنمنٹ اسلامیہ کالج (چنیوٹ)

بخدمت اقدس جناب مدیر اعلیٰ " المباحث الاسلامیہ " حفظہ اللہ ورعاہ !!!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' ،،،

بعد از تحیۃ اسلامیہ خیریت جانبین مطلوب ہے۔ دیگر اینکہ آپ کے زیر ادارت شائع ہونے والا سہ ماہی رسالہ

" المباحث الاسلامیہ " اچانک دیکھنے کا موقع ملا، جو ماشاء اللہ خالص علمی، تحقیقی، اور گرانقدر مضامین ومقالات پر مشتمل ہونے کے ساتھ ساتھ طباعت کے اعلیٰ معیار پر ہے، جس پر طائرانہ نظر ڈالنے کے بعد دل میں بڑی شدت سے یہ اشتیاق پیدا ہوا، کہ اس بے بہا علمی خزانہ کو منگوا کر اطمینان قلب کے ساتھ استفادہ کروں۔

اُمید ہے کہ احقر کی اس علمی تشنگی کو دُور کرنے میں ہمدردی کا مظاہرہ فرماتے ہوئے رسالہ ھذا کا "شمارہ (۱) جلد (۲) ارسالہ فرمائیں گے۔ عین احسان مندی ہوگی۔ فقط والسلام !!!

" محمود خارانی " درجہ خامسہ (عربی)

جامعہ دارالعلوم کراچی کورنگی نمبر ۵ (کراچی)

جناب " مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب "

السلام علیکم ورحمة الله وبر کاته "،

آپ کا ڈاکٹر ظہیر احمد صاحب کے نام تحریر کردہ گرامی نامہ موصول ہوا۔ نیز اپنے مجلہ کی دو کاپیاں بھیجنے کا بہت بہت شکریہ۔

اس دور پرفتن میں قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں پیچیدہ پیچیدہ مسائل کا حل تلاش کرنا اور مسلم اُمہ کی راہنمائی کرنا اس دور کا بہت بڑا چیلنج ہے جس کا مقابلہ کرنے کے لیے آپ کا مجلہ اہم کردار ادا کرے گا۔

پوری دُنیا میں طاغوت متحد ہو چکے ہیں اور دینِ حق کا نام ونشان مٹا دینا چاہتے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ دینی قوتیں اپنے اختلافات کو برداشت کرتے ہوئے اتحاد بین المسلمین پیدا کرنے کے لیے جہاد کریں اور کسی بھی ایسے ادارے یا تنظیم کو عوام میں بے وقعت کرنے کی کوشش نہ کریں جو کسی بھی سطح پر دین کا کام قرآن وسنت کو بنیاد بنا کر رہے ہیں۔

ہم جیسے طالب علموں کے لیے اتنے بڑے علمی پرچہ پر تبصرہ کرنا تو ممکن نہیں البتہ حسب حکم اپنا ماہنامہ تعمیر ملت نیوز انشاء اللہ ہر ماہ آپ کو ملتا رہے گا۔ شکریہ !!!

آپ کا خیر اندیش " مرزا حبیب اللہ "

وائس پریذیڈنٹ ایڈمن تعمیرِ ملت فاؤنڈیشن (اسلام آباد)۔

مشفقم ومحترم " جناب مدیر مسئول صاحب "

السلام علیکم ورحمة الله وبر کاته "،

امید ہے کہ مزاج بخیر ہونگے۔

آپ کو زحمت دینے کی غرض وغایت درج ذیل ہے۔ آپ کی زیرادارت شائع ہونے والے علمی، مذہبی، فکری اور ادبی مجلہ کی مکمل فائل درکار ہے۔ آگاہی فرمائیں کہ حصول کا طریقہ کیا ہوگا۔ اور خصوصی رعایت کے ساتھ قیمت کا تعین بھی فرمادیں۔ نیز فائل مکمل